دستخط نگران کار

Booklet Serial No.

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (سماجیات) انٹرنس ٹسٹ۔ 2023

## PhD (Sociology) Entrance Test - 2023

## Question Paper cum Answer Script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 70

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

---

For Office Use

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

پی ایچ ڈی (سماجیات) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2023

PhD (Sociology) Entrance Test - 2023

Question Paper cum Answer Script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (8) صفحات پر مشتمل ہے۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

## (Part - A) حصہ اول

### Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ درج ذیل ریفلیکسیوٹی کے متعلق تین جملے دیئے گئے ہیں۔اس میں کونسا جملہ غلط ہے؟

(A) آپ کے اپنے آراءاورزاویہ کا ثقافتی، سیاسی، سماجی اورنظریاتی ماخذ

(B) آپ نے جن کا انٹرویولیایا مشاہدہ کیاان کی آراءاورزاویہ نظر

(C) جن کے سامنے آپ اپنی تحقیق رپورٹ کریں گے،ان کی آراءاورزاویہ نظر

(D) یہ سبھی

2۔ سماجی تحقیق میں ریفلیکسیوٹی کے ذریعہ محقق درج ذیل عمل پر ریفلیکٹ کرتا ہے۔

(A) ڈیٹاکلیکشن کے عمل پر

(B) تشریح وتعبیر کے عمل پر

(C) a اورbدونوں

(D) ان دونوں میں سے کوئی نہیں

3۔ تحقیق کے عمل میں مفروضے(ہائپوتھیس) کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

(A) کسی نظریہ کوثابت کرنا

(B) پیشین گوئی کرنا

(C) ثبوت جمع کرنا

(D) نتائج کا خلاصہ کرنا

4۔ شرکتی مشاہدہ(Participant observation)اور بالمشافہ انٹرویو(face to face interview)کے ذریعے کیا جانے والاعوام کا مطالعہ کیا کہلاتا ہے؟

(A) فینا مینولوجی

(B) سوشل میپنگ

(C) کیس اسٹڈی

(D) پیشین گوئی

5۔ درج ذیل میں سے کس نے اپنے سماجیاتی تجزیہ میں 'تاریخی اپروچ' کا استعمال کیا ہے؟

(A) سی رائٹ ملس

(B) ایمائل درکھائم

(C) مِلی ناؤسکی

(D) ریڈکلف براؤن

6۔ سماجی سائنس کے تناظر میں کس نے سب سے پہلے 'فالسی فیبئی لیٹی (falsifiability)' کالفظ استعمال کیا؟

(A) تھامس کوہن

(B) کارل پوپر

(C) جارج رٹزر

(D) ولیم جے گوڈ

7۔ موادکاابتدائی ذریعہ (primary source of data) ذیل میں سے کون سانہیں ہے؟

(A) انٹرویو

(B) مشاہدہ (observation)

(C) سوالنامہ

(D) لائبریری کی کتابیں

8۔ ذیل میں سے کیا سماجی تحقیق کی اخلاقیات میں شامل نہیں ہے؟

(A) نظریہ (B) معروضیت

(C) شفافیت (D) رازداری

9۔ سماجی تحقیق کے مراحل کی درست ترتیب کیا ہے؟

(A) مواد کا حصول، مواد کا تجزیہ، لٹریچر کا جائزہ، رپورٹ لکھنا (B) لٹریچر کا جائزہ، مواد کا حصول، مواد کا تجزیہ، رپورٹ لکھنا

(C) مواد کا حصول، لٹریچر کا جائزہ، رپورٹ لکھنا، مواد کا تجزیہ (D) لٹریچر کا جائزہ، رپورٹ لکھنا، مواد کا حصول، مواد کا تجزیہ

10۔ مثالی نمونہ (آئیڈیل ٹائپ) بنانے کا مقصد کیا نہیں ہوتا؟

(A) سماجی مسائل کو حل کرنا (B) تجربی تحقیق میں معاون ہونا

(C) تقابلی تجزیہ میں مددگار رہونا (D) اسبابی وضاحت (causal explanation) میں کارآمد ہونا

11۔ مثبتیت (positivism) کی اصطلاح کس نے وضع کی؟

(A) ایمائیل درکھائم (B) کارل مارکس

(C) اگست کامٹ (D) میکس ویبر

12۔ کس مرحلے میں معروضیت کو داخل نہیں کیا جا سکتا؟

(A) ڈاٹا کلیکشن کے مرحلے میں (B) ڈاٹا کے تجزیہ کے عمل میں

(C) فیلڈ سروے کے موقع پر (D) کسی non-repondents سے ملاقات کے وقت

13۔ معروضی تلاش مشکل ہو جاتی ہے کیونکہ

(A) محققین تعلیم یافتہ ہوتے ہیں (B) جواب دہندگان عام طور پر متعصب ہوتے ہیں

(C) تحقیق متعصب ہے (D) ان میں سے کوئی نہیں

14۔ تحقیق کے تناظر میں درج ذیل میں سے کیا چیز، سماجیات کو فلسفہ سے ممتاز کرتی ہے؟

(A) موضوعات (B) نظریہ

(C) طریقہ کار (D) ان میں سے کوئی نہیں

15۔ حوالے جات کے لیے استعمال کیے جانے والے APA کا مطلب ہے ________

(A) American Pre-standare Authority (B) American Psychological Association

(C) American Psychological Authority (D) ان میں سے کوئی نہیں

16۔ ہرمینیوٹکس (Hermeneutics) کا مطلب ہوتا ہے؟

(A) وضاحت (B) درجہ بندی

(C) ترتیب دینا (D) منظم کرنا

17۔ درج ذیل میں سے کیا اچھے نمونے کی صفت ہے؟

(A) وسیع ہونا (B) چھوٹا ہونا

(C) نمائندہ ہونا (D) ان میں سے کوئی نہیں

18۔ ذیل کے جملوں کی روشنی میں مناسب متبادل کا انتخاب کیجیے۔

ایک: تحقیق کی جملہ اقسام میں مفروضہ لازمی حصہ ہوتا ہے

دو : تحقیق کا مقصد مفروضہ کو درست ثابت کرنا ہوتا ہے

(A) دونوں جملے درست ہیں (B) دونوں جملے غلط ہیں

(C) پہلا جملہ درست، دوسرا غلط ہے (D) پہلا جملہ غلط، دوسرا درست ہے

19۔ ذاتی عصبیت سے غیر متاثر مشاہدہ کو کیا کہتے ہیں؟

(A) معروضی (B) تنقیدی

(C) استفہامی (D) موضوعی

20۔ ایسا مفروضہ جو دو متغیرات کے باہم غیر تعلق ہونے پر مربوط ہو، کو کیا کہتے ہیں؟

(A) متضاد مفروضہ (Contrary Hypothesis ) (B) خالی مفروضہ (Null hypothesis)

(C) تنقیدی مفروضہ (Critical hypothesis) (D) آسان مفروضہ (Comfort hypothesis)

21۔ مردم شماری کس قسم کی تحقیق کی مثال ہے؟

(A) تفہیمی تحقیق (Objective Research) (B) صفاتی تحقیق (Qualitative Research)

(C) بیانیہ تحقیق (DescriptiveResearch) (D) ان میں سے کوئی نہیں

22۔ وہ تحقیق جو کسی فرد یا سماجی گروہ کی سماجی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے کیا جائے، اسے کیا کہتے ہیں؟

(A) وضاحتی تحقیق (Explanatory Research) (B) تفتیشی تحقیق (Exploratory Research)

(C) اقدامی تحقیق (Action Research) (D) ان میں سے کوئی نہیں

23۔ دو متغیرات کے درمیان ممکنہ کو ظاہر کرنے والے جملے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مقصد تحقیق (objective of the research) (B) مفروضہ (hypothesis)

(C) مسئلہ کا بیان (problem statement) (D) تحقیق کا سوال (research question)

24۔ جب ایک متغیر معیاری اور دوسرا مقداری ہو، تب دونوں کے درمیان تبدیلی کے لیے کیا استعمال کیا جاتا ہے؟

(A) Chi – Square $(x^2)$ (B) Phi coefficient

(C) Rank correlation 'r' (D) ان میں سے کوئی نہیں

25۔ 'فیلڈ اینڈ فیلڈ ورکر' کتاب کس نے لکھی؟

(A) ایم این سرینواس (B) ایس سی دوبے

(C) جی ایس گھریے (D) ٹی بی باٹمور

## Section -II (Concerned Subject)

26۔ 'رائٹ ٹو دی سٹی' کا تصور کس ماہر نے پیش کیا؟

(A) ڈیوڈ ہاروے (B) ہنری لیفیبرے

(C) لوئس ورتھ (D) رابرٹ پارک

27۔ شہری سماجیات کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

(A) رابرٹ ای پارک (B) لوئیس ورتھ

(C) جارج سمل (D) ارنسٹ برگریس

28۔ 'ہیومن ایکولوجی' کا تصور کس نے پیش کیا؟

(A) لوئیس ورتھ (B) جارج سمل

(C) رابرٹ ای پارک (D) ایم ایس اے راؤ

29۔ لفظ 'ورن' کے کیا معنی ہوتے ہیں؟

(A) رنگ (B) نسل

(C) زبان (D) مذہب

30۔ ایمائل درکھائم کے مطابق دیہی سماج کا انحصار کس طرح کی یکجہتی پر ہوتا ہے؟

(A) نامیاتی یکجہتی (B) غیر نامیاتی یکجہتی

(C) سماجی یکجہتی (D) میکانیکی یکجہتی

31۔ 'رشتہ مذاق (جوکنگ ریلیشن شپ)' کی اصطلاح کس نے استعمال کی؟

(A) برونیسلا ملینوسکی (B) اے ریڈکلف براؤن

(C) ای بی ٹائلر (D) میکس ویبر

32۔ صحت کی تعریف میں ڈبلیو ایچ او نے درج ذیل میں سے کس بات پر زور دیا ہے؟

(A) جسم میں بیماریوں کا نہ ہونا (B) سماجی بہبود

(C) ذہنی اور جسمانی صحت (D) یہ سبھی

33۔ 'دی سوشل کنسٹرکشن آف ریئلیٹی' کے مصنفین کون ہیں؟

(A) ایمائل درکھائم اور اگست کامٹ (B) پیٹر برجر اور جارج رٹزر

(C) جارج رٹز اور تھامس لکمان (D) پیٹر برجر اور تھامس لکمان

34۔ رالف لنٹن نے درج ذیل میں سے کن تصورات کو پیش کیا؟

(A) اسٹیٹس اور رول
(B) رول سیٹ
(C) اسٹیٹس اور رول کے درمیان فرق
(D) یہ سبھی

35۔ 'لوکنگ گلاس سیلف' کا تصور کس نے پیش کیا؟

(A) سی ایچ کولے
(B) جی ایچ میڈ
(C) سگمنڈ فرائڈ
(D) کارل مارکس

36۔ درج ذیل میں سے کون سا مفکر ڈارون کے 'نظریہ ارتقاء' سے متاثر تھا؟

(A) اگسٹ کامٹ
(B) ایمائل درکھائم
(C) ہربرٹ اسپنسر
(D) تھامس ہابس

37۔ 'غالب ذات (dominant caste)' کی اصطلاح کس نے وضع کی؟

(A) ایم این سرینواس
(B) جی ایس گھریئے
(C) آندرے بیتے
(D) بی آر امبیڈکر

38۔ ہندوستان کی پہلی قومی صحت پالیسی (نیشنل ہیلتھ پالیسی) کس سال منظر عام پر آئی؟

(A) 1951
(B) 1983
(C) 1999
(D) 2020

39۔ سماجی حقائق کی دو بڑی قسمیں کونسی ہیں؟

(A) داخلی وخارجی حقائق
(B) آزاد و بندشی سماجی حقائق
(C) مادی وغیر مادی سماجی حقائق
(D) رضا کارانہ وغیر رضا کارانہ سماجی حقائق

40۔ درج ذیل میں سے کیا سماجی حقائق کی خصوصیت نہیں ہے؟

(A) خارجیت
(B) عمومیت
(C) بندشی
(D) اصلیت

41۔ درکھائم کے مطابق سماجی حقائق کا مطالعہ کس طرز پر ہونا چاہیے؟

(A) تجربی
(B) انفرادی
(C) معاشرتی
(D) اجتماعی

42۔ میڈ نے تصور ذات (Individualism) کی ابتداء اور ارتقاء کے حوالے سے تین ادوار کے متعلق بات کی ہے: نقل پر مبنی اعمال کا دور (stage of imitative action)، کھیل کا دور (play stage) اور __________

(A) اسکل اسٹیج
(B) اڈلٹ اسٹیج
(C) گیم اسٹیج
(D) ان فنٹ اسٹیج

43۔ ملینوسکی کے فنکشنل ازم کو عام طور پر ________ بھی کہا جاتا ہے۔

(A) فردمرکوز (individualistic) فنکشنلزم
(B) اجتماعی (collective) فنکشنلزم
(C) بنیادی (fundamental) فنکشنلزم
(D) نفسیاتی (psychological) فنکشنلزم

44۔ 'قبائل کو ہندوذات میں ضم کرلینا چاہیئے' یہ بات کس نے کہی تھی؟

(A) جی ایس گھریے
(B) ایم این سرینواس
(C) این کے بوس
(D) سرجیت سنہا

45۔ کس کی رائے میں سماجیات کے مختلف طبقات کے درمیان تعلق باہمی تعاون اور انحصار پر مبنی ہوتا ہے؟

(A) مارکسسٹ
(B) ماڈرنسٹ
(C) فنکشنلسٹ
(D) انٹرایکشنسٹ

46۔ سیکنڈ سیکس کے مصنف Simone de Beauvoir کا تعلق کس ملک سے ہے؟

(A) فرانس
(B) جرمنی
(C) انگلینڈ
(D) روس

47۔ 'دی رلیجن آف جاوا' کتاب کس نے لکھی؟

(A) اروینگ گوفمین
(B) مینوئل کیسلس
(C) کلفورڈ گئیرٹز
(D) کلاڈ لیوی اسٹراس

48۔ کسی سماج کے افراد کا یہ نقطہ نظر کہ ان کا تمدن وثقافت باقی سماجوں سے اعلیٰ ہے، کو کیا کہتے ہیں؟

(A) کلچرل سنٹرازم
(B) ایتھنوسنٹرازم
(C) نیشنلزم
(D) زینوسنٹرازم

49۔ الفراڈ شٹز (Alfred Schutz) نے سماجی دنیا کے کس پہلو کو 'لائف ورلڈ' کہا ہے؟

(A) معروضی حقیقت (Objective Reality)
(B) سماجی نظام (Social System)
(C) بین موضوعی دنیا (Intersubjective world)
(D) سماجی ڈھانچہ (Social Structure)

50۔ کس ماہر سماجیات نے سماجی زندگی کی وضاحت، ڈرامے کے اسٹیج سے تشبیہ دیتے ہوئے کی ہے؟

(A) الفرڈ شٹز
(B) اروینگ گوفمین
(C) سگمنڈ فرائڈ
(D) ہیرالڈ گارفنکل

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

(4 X 5 = 20 marks) چاروں سوالات کے جواب لکھیے:

(Research Methodology)

1۔ ایک طریقہ کار کے طور پر شریک مشاہدے کی خوبیاں اور کمزوریاں کیا ہیں؟ مناسب مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجیے۔

2۔ معیاری اور مقداری تحقیق کے درمیان فرق کی وضاحت کریں۔اس کے لیے مثالیں استعمال کریں۔

(Subject Concerned)

Social Work

3۔ ساختی، فنکشنلزم، تنازعاتی نقطہ نظر اور علامتی تعامل کے بنیادی تصورات کیا ہیں؟ وضاحت کریں۔

4۔ درکھائم کے مقدس (Sacred) اور بے حرمتی (Profane) کے خیال کو دور حاضر معاشرہ کو سمجھنے کے لیے کس طرح استعمال کیا جائے؟ بیان کریں۔